(ب) مندرجہ ذیل ضلعوں میں پٹواریوں اور تحصیلداروں کے خلاف مقدمات موجود ہیں جو کہ تاحال متعلقہ عدالتوں اور محکموں میں زیر التواء ہیں۔ (تفصیل ایوان میں پیش کی گئی)

857 _ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں محکمہ جنگلات کے ریسٹ ہاؤسز موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ ہذا کے ریسٹ ہاؤسز کہاں واقع ہیں اور ان سے ہر سال کتنی آمدنی حاصل ہوتی ہے;

(ii) پچھلے تین سالوں کے دوران مذکورہ ریسٹ ہاوسز پر کتنا خرچہ کیا گیا ہے، نیز ان میں کتنے ملازمین کام کرتے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات)</u>: (الف) درست ہے۔

(ب) محکمہ جنگلات صوبہ سرحد میں مندرجہ ذیل ریسٹ ہاؤسز موجود ہیں:

نمبر شمار	نام ڈویژن	نام ریسٹ ہاؤس	آمدن
1	گلیز فارسٹ ڈویژن ایبٹ آباد	ڈونگا گلی ریسٹ ہاؤس ڈونگا گلی سب ڈویژن باڑیاں ریسٹ ہاؤس ڈونگا گلی سب ڈویژن ٹھنڈیانی فارسٹ ریسٹ ہاؤس بیرنگلی رینج تھائی فارسٹ ریسٹ ہاؤس ایبٹ آباد رینج پریس کاٹیج موچی ڈھارہ ڈونگا گلی سب ڈویژن ستو فارسٹ ریسٹ ہاؤس ٹھنڈیانی سب ڈویژن	ان ریسٹ ہاؤسز کا پرمٹ جناب سیکرٹری صاحب محکمہ ماحولیات دیتے ہیں اور ان کی آمدن کا حساب ان کے دفتر سے دستیاب ہوگا۔ (جھنڈاج) ستو فارسٹ ریسٹ ہاؤس ٹھنڈیانی سب ڈویژن کے دور دراز علاقوں میں واقع ہے، جسے افسران جنگلات چیکنگ کے دوران استعمال کرتے ہیں اس سے کوئی آمدن نہیں ہوئی۔
2	ہری پور فارسٹ ڈویژن ہری پور	خان پور ریسٹ ہاؤس کھنیال ریسٹ ہاؤس جبری ریسٹ ہاؤس ماڑی ریسٹ ہاؤس	خان پور ریسٹ ہاؤس سے گذشتہ تین سالوں میں مبلغ -/6870 روپے کی آمدن ہوئی۔ (ان ریسٹ ہاؤسز کو آفسران دوران چیکنگ جنگلات قیام کیلئے استعمال کرتے ہیں، اس لئے ان سے کوئی

			آمدن نہیں ہوئی)
3	سرن فارسٹ ڈویژن مانسہرہ	کنڈ ریسٹ ہاؤس دومیل ریسٹ ہاؤس شہید پانی ریسٹ ہاؤس ڈاڈر ریسٹ ہاؤس جابہ ریسٹ ہاؤس	دوران زلزلہ تمام فارسٹ ریسٹ ہاؤس مکمل طور پر تباہ ہو چکے ہیں، ماسوائے ڈاڈر ریسٹ ہاؤس جس کو جزوی نقصان پہنچا تھا اور اس کی مرمت کر دی گئی ہے، باقی ماندہ ریسٹ ہاؤسز ERRA فنڈز سے تعمیر ہونگے۔
4	کاغان فارسٹ ڈویژن گڑھی حبیب اللہ	VIP ڈاک بنگلہ شوگران بل ٹاپ شوگران کاغان ریسٹ ہاؤس نیو ریسٹ ہاؤس ناران والنٹ ریسٹ ہاؤس ناران اولڈ ریسٹ ہاؤس ناران	ان ریسٹ ہاوسز کا پرمٹ جناب سیکرٹری صاحب محکمہ ماحولیات دیتے ہیں اور ان کی آمدن کا حساب ان کے دفتر میں دستیاب ہوگا۔ (جھنڈاج) اولڈ فارسٹ ریسٹ ہاؤس ناراں گذشتہ کئی سالوں سے پاک آرمی کے زیر استعمال ہے۔

5	اپر کوہستان فارسٹ ڈویژن۔ -do- لوئر کوہستان فارسٹ ڈویژن -do- -do- ہزارہ ٹرائیبل فارسٹ ڈویژن بٹگرام -do- اگرور تناول فارسٹ ڈویژن مانسہرہ۔	شیتال داسو کیال دوبیر ثراکوٹ گنگول بٹیلہ ہواگلی کرڑوری	ان ریسٹ ہاؤسز کو افسران دوران چیکنگ جنگلات قیام کیلئے استعمال کرتے ہیں، اسلئے ان سے کوئی آمدن نہیں ہوئی۔ 2005 کے تباہ کن زلزلہ میں گنگوال، ٹبیلہ، ہواگلی اورکرڑوری ریسٹ ہاؤسز مکمل طور پر تباہ ہو گئے، نیز مذکورہ ریسٹ ہاؤسز سے کوئی آمدن حاصل نہیں ہوئی ہے۔
6	سوات فارسٹ ڈویژن	کڑاکڑ ریسٹ ہاؤس شگئی ریسٹ ہاؤس لالکو ریسٹ ہاؤس۔	ان ریسٹ ہاوسز کا پرمٹ جناب سیکرٹری صاحب محکمہ ماحولیات دیتے ہیں اور ان کی آمدن کا حساب ان کے دفتر میں دستیاب ہو گا۔
7	کالام فارسٹ ڈویژن	بحرین، بنڑ، مٹلتان، اتروڑ ریسٹ ہاؤس	
8	الپوری فارسٹ ڈویژن	شانگلہ، نیٹنگی، اوپل کنڈو ریسٹ ہاؤس	پچھلے دو سال سے سیکیورٹی فورسز کے قبضہ میں ہے۔
9	اپر دیر فارسٹ ڈویژن	باٹل، کس ناغز ریسٹ ہاؤس	
10	دیر کوہستان	کمراٹ، باڈگوئی ریسٹ ہاؤس	

	فارسٹ ڈویژن		
11	چترال فارسٹ ڈویژن	دنین، دروش، بمبوریت ریسٹ ہاؤس	
12	کوہاٹ فارسٹ ڈویژن	توئی باندہ ریسٹ ہاؤس	پچھلے تین سالوں کے دوران کوئی پرمٹ جاری نہیں کیا گیا، لہذا کوئی آمدنی حاصل نہیں ہوئی۔

(ب) (ii) گزشتہ تین سالوں کے دوران مذکورہ ریسٹ ہاؤسز پر جو اخراجات آئے اور ان میں جو ملازمین کام کرتے ہیں، ان کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

نمبر شمار	نام فارسٹ ڈویژن	فاریسٹ ریسٹ ہاؤس	تعداد آسامی	اخراجات
1	گلیز فارسٹ ڈویژن ایبٹ آباد	ڈونگا گلی ریسٹ ہاؤس، ڈونگا گلی سب ڈویژن	1	Rs.1137636/-
		باڑیاں ریسٹ ہاؤس ڈونگا گلی سب ڈویژن	1	Rs.50,000/-
		ٹھنڈیانی فاریسٹ ریسٹ ہاؤس بیر نگلی رینج	1	
		تھائی فارسٹ ریسٹ ہاؤس ایبٹ آباد رینج	1	Rs.90,000/-
		ستو فارسٹ ریسٹ ہاؤس ٹھنڈیانی سب ڈویژن	1	Rs.60,000/-
		پریس کاٹیج موچی ڈھارہ ڈونگا گلی سب ڈویژن	1	Rs.947364/-

2	ہری پور فارسٹ ڈویژن ہری پور	خان پور ریسٹ ہاؤس۔ کھنیال ریسٹ ہاؤس جبری ریسٹ ہاؤس ماڑی ریسٹ ہاؤس	1 1 1 1	Rs.4130/- Rs.15520/- --- Rs 8100/-
3	سرن فارسٹ ڈویژن مانسہرہ	ڈاڈر ریسٹ ہاؤس	1	Rs.1155000/-
4	کاغان فارسٹ ڈویژن گڑھی حبیب اللہ	VIPڈاک بنگلہ شوگران ہل ٹاپ شوگران کاغان ریسٹ ہاؤس نیو ریسٹ ہاؤس ناراں اولڈ ریسٹ ہاؤس ناراں والنٹ ریسٹ ہاؤس ناراں۔	1 1 1 1 1 1 1	Rs.115580/- -- -- -- -- --
5	اپر کوہستان فارسٹ ڈویژن داسو لوئر کوہستان فارسٹ ڈویژن -do- -do- ہزارہ ٹرائیبل فارسٹ ڈویژن بٹگرام۔ -do- اگرور تناول	شتیال داسو کیال دوبیر شراکوٹ گنگول بٹیلہ ھواگلی کڑوری	1 1 1 1 1 1 1 1 1 1 1 1	گزشتہ تین سالوں میں کوئی خرچہ نہیں کیا گیا ہے، البتہ دوبیر ریسٹ ہاؤس پر پچھلے تین سالوں میں مبلغ 50,000/- روپے خرچہ آیا ہے۔

	فارسٹ ڈویژن مانسہرہ			
6	سوات فارسٹ ڈویژن	کڑاکڑ ریسٹ ہاؤس شنگئی ریسٹ ہاؤس لالکو ریسٹ ہاؤس	2 2 1	- - -
7	کالام فارسٹ ڈویژن	بحرین بنڑ مٹلتان اتروڑ	2 2 2 2	Rs.12,000/- --- --- ---
8	الپوری فارسٹ ڈویژن	شانگلہ یختنگی اوپل کنڈؤ	3 3 1 1	--- --- --- ---
9	اپر دیر فارسٹ ڈویژن	باٹل کس ناغہ	1 1	--- ---
10	دیر کوہستان فارسٹ ڈویژن	کمراٹ باڈگوئی ریسٹ ہاؤس	1 1	--- ---
11	چترال فارسٹ ڈویژن	دنین روش بمبوریت ریسٹ ہاؤس	1 1 1	Rs.11250/- --- 30000/.
12	کوہاٹ فارسٹ ڈویژن	توئی باندہ ریسٹ ہاؤس	1	Rs.50,000/-
			کل تعداد ملازمین 56	کل اخراجات Rs.3736580/-

نام ریسٹ ہاؤس	آمدن 2008-09
بارین	Rs.13240/-
ڈاڈر	Rs.360/-
ڈونگہ گلی	Rs.21,240/-
گیسٹ ہاؤس شوگران	Rs.15140/-
کاغان	Rs.4200/-
ہل ٹاپ شوگران	Rs.20500/-
ناران نیو	Rs.4600/-
نتھیا گلی	Rs.27940/-
تھائی	Rs.6200/-
ٹھنڈیانی	Rs.12480/-
والنٹ ہاؤس ناران	Rs.13610/-
مجموعہ	Rs.1,39,510/-

(نوٹ): مندرجہ بالا ریسٹ ہاؤسز کی آمدن کا دورانیہ جون سے اگست کے مابین ہوتا ہے جبکہ صوبائی اسمبلی کے ممبران کے فری پرمٹ اس کے علاوہ ہیں۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، جن میں: جناب وجیہہ الزمان خان صاحب ایم پی اے 20 دسمبر 2010 کیلئے; جناب احمد خان بہادر صاحب پورے اجلاس کیلئے; جناب راجہ فیصل الزمان صاحب ایم پی اے 20 دسمبر 2010 کیلئے; جناب ثناء اللہ خان میاں خیل 20 اور 21 دسمبر 2010 کیلئے; جناب غلام محمد صاحب 20 دسمبر تا 25 دسمبر 2010 تک کیلئے۔ Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

تحاریک التواء

Mr. Speaker: Hafiz Akhtar Ali Sahib and Mufti Syed Janan Sahib, to please move their identical adjournment motion No. 226 and 227 in the House, one by one. Janab Hafiz Akhtar Ali Sahib.

حافظ اختر علی: ډیره شکریه۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ محترم سپیکر صاحب، اسمبلی خیبر پختونخوا کے اجلاس کی کارروائی روک کر اس انتہائی اہم اور حساس مذہبی مسئلہ پر بحث کی اجازت چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ ایک ملعون آسیہ نامی عورت نے امام الانبیاء رحمت الالعالمین حضرت محمد ﷺ کی شان اقدس میں توہین آمیز کلمات کہہ کر گستاخی اور بے ادبی کا ارتکاب کیا ہے جس کی وجہ سے تمام اہل اسلام کے دینی، مذہبی جذبات مجروح ہوئے ہیں اور بین الملل افتراق وانتشار اور تصادم کا ماحول بن گیا ہے اور ملکی وحدت و یکجہتی کو نقصان پہنچانے کی ایک مکروہ سازش کی گئی ہے، لہذا اس تحریک التواء کو منظور کر کے بحث کی اجازت دیجیئے۔

جناب سپیکر صاحب، زه ستاسو خدمت کښے او ستاسو شکریه سره، دا یو شعر د نبی کریم صلی اللہ علیه وسلم په عقیدت کښے پیش کول غواړمه او بیا به دا درخواست کوم چه یره دا منظور کړے شی، د بحث د پاره۔

محمد ﷺ کی غلامی ہے سبب آباد ہونے کی
محمد ﷺ سے آزادی ہے سبب برباد ہونے کی
محمد ﷺ سے محبت دین حق کی شرط اول ہے
اگر ہے اس میں کچھ خامی تو سب کچھ نامکمل ہے

جناب سپیکر صاحب، زه درخواست کوم چه دا د ایډمټ کړے شی او په دے د تفصیلی بحث او شی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ جناب سید مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، ایوان کی معمول کی کارروائی روک کر مجھے ایک اہم نوعیت کے مسئلے پر بحث کرنے کی اجازت دی جائے، وہ یہ کہ آسیہ مسیح نے پیغمبر رحمت حضرت محمد ﷺ کی شان میں جو گستاخی کا ارتکاب کیا ہے، اس سے پوری امت مسلمہ کے قلوب مجروح ہوئے ہیں اور آج امت مسلمہ پر ایک بے قراری کی کیفیت طاری ہے۔ یہ دراصل مسلمانوں کے جذبات ایمانی کو بھڑکا

کر اس ملک خداداد میں جنگ وجدل کی فضا پیدا کرنے کی کوشش تصور کی جاتی ہے جس سے بین المذاہب ایک نفرت پیدا ہوئی ہے، لہذا اس تحریک التواء کو ایوان میں مزید بحث کرنے کیلئے منظور کیا جاوے۔

دا به جی ستاسو مهربانی وی، دا د رسول الله ﷺ شان کښې ګستاخی ئې کړې ده، دا زمونږ او ستاسو د ټولو ایمان دے، که د پیغمبر علیه الصلواة السلام دا سې اسلامی ملکونو کښې خلق بے عزتی کوی او مونږ او تاسو دا منتخب خلق به ناست وی، خدائے مکړه چه رسول الله ﷺ د قیامت په ورځ مونږ او تاسو ته په پل صراط باندے ولاړ وی چه وائی به چه تاسو صرف آواز هم زما په حق کښې نه شو اوچتولے چه خلقو زما بے عزتی کوله، نو بحث د پاره د جی دا منظور کړې شی۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل بشیر بلور صاحب، سینیئر منسٹر صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: سپیکر صاحب، دا مولانا صاحب خبرے اوکړے، مفتی صاحب هم خبرے اوکړے، دوئ سره زه به هم یو شعر اووایم چه:

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

(تالیاں)

ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے اگر یہ اس کو، ڈسکشن کیلئے ہمیں منظور ہے کہ اس پر ڈسکشن کی جائے۔

جناب سپیکر: دا یو اخباری اطلاع وه، په هغے باندے خو مونږ هغه نه کوؤ، دا کیس چرته کورټ کښې ټرائیل باندے خو نه دے؟ لاء منسټر صاحب! ایډجرنمنټ موشن دے۔

حافظ اختر علی: سپیکر صاحب، د کورټ نه خو فیصله شوے وه، د کورټ نه خو دا وتلے دے او هغے کښې فیصله شوے ده۔

جناب سپیکر: اچھا جی، ایڈوکیٹ جنرل صاحب! جناب آنریبل ایڈوکیٹ جنرل صاحب۔

Mr. Advocate General: As far as my knowledge is concerned Sir, that is still pending in appeal Sir.

Mr. Speaker: Pending in appeal as per your information is concerned.

(شور)

حافظ اختر علی: نہیں نہیں، مجھے تو اعتراض نہیں، میں نے تو اسی لئے ہاؤس میں۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: آپ ہاؤس میں لائیں تو پھر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، میں تو لایا ہوں، میں تو ہاؤس میں آپ کیلئے لایا ہوں، گورنمنٹ کی طرف سے بھی کوئی وہ نہیں ہے لیکن ہمارا ایک وہ ہے کہ: The motion shall not deal with any matter which is subjudice.، عدالتوں کا ایک وہ ہے اگر آپ لوگ Face کر سکتے ہیں، جی ان کی طرف سے اپیل ہے۔ جی، آنریبل بشیر بلور صاحب۔

سینئیر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، میری تو یہ ریکویسٹ ہے کہ اگر کیس عدالت میں ہے، اپیل میں ہے تو چاہیئے کہ اس پر پھر ڈسکشن، یہ Subjudice ہو جاتا ہے، ایڈوکیٹ جنرل صاحب نے بھی فرمایا ہے کہ یہ جو ہے، یہ اب چاہیئے تھا کہ سیکر ٹریٹ جو ہے، یہ پینڈنگ کر دے اور جب تک کیس کا فیصلہ نہ ہوا، پھر اس پر ڈسکشن کرلینگے (شور) دیکھیں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے، ہم تو خود کہتے ہیں کہ ہمیں اعتراض نہیں ہے کہ ڈسکشن ہو جائے مگر بات یہ ہے کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ Subjudice case ہے، اس پر ہم بات نہ کریں (شور) آپ رولنگ دیدیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔

(شور)

جناب عبدالاکبر خان: سر، آپ رولنگ دیدیں۔

سینئیر وزیر (بلدیات): آپ رولنگ دیدیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب سپیکر: میں اس کو ایڈمٹ کرنے کیلئے اب اس کو Put کرتا ہوں اور پھر بعد میں آپ ذرا پوری۔۔۔۔۔

سینئیر وزیر (بلدیات): نہیں نہیں، تو پھر آپ Put کرلینگے پھر تو Accept ہو گئی۔

جناب عبدالاکبر خان: آپ Put کریں۔۔۔۔۔

(شور)

سینئیر وزیر (بلدیات): پھر تو عدالت میں اگر ایک چیز پینڈنگ ہے تو آپ ہاؤس میں اس کو Put بھی نہیں کر سکتے، ڈسکس بھی نہیں کر سکتے، Advocate General is there اور اگر آپ اس پہ رولنگ دیں (شور) تو ہمیں اعتراض نہیں ہے اور ڈسکشن پر بھی اعتراض نہیں ہے۔

(شور / قطع کلامیاں)

حاجی قلندر خان لودھی: جناب، اس میں تو۔۔۔۔۔

حافظ اختر علی: د مسلمانانو د پاره۔۔۔۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: دیکھیں، آپ بیٹھ جائیں، سارے بیٹھ جائیں، آپ سارے بیٹھ جائیں، میں بتاتا ہوں نا، یہ ہمارا دینی مسئلہ ہے اور حضور ﷺ کی شان میں گستاخی ہم میں سے کون برداشت کر سکتا ہے؟ یہ تو تصور میں بھی نہیں ہے، اسی لئے گورنمنٹ بھی آپ کی سپورٹ کر رہی ہے اور آپ بھی کر رہے ہیں، ہم سر کاٹونے کیلئے تیار ہیں لیکن حضور کی۔۔۔۔

(شور)

جناب محمد جاوید عباسی: آپ بحث کیلئے۔۔۔۔

حافظ اختر علی: جناب سپیکر۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: نہیں نہیں، آپ کو ذرا اپنے بنائے ہوئے قانون کا بھی احترام کرنا چاہیئے، اس پہ میں آپ کے ساتھ ہوں، اس لئے تو میں نے ایڈمٹ کیا ہے۔ جی، میاں افتخار صاحب۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): زه سپیکر صاحب، ستاسو ډیر مشکور یم، دا سے ده چونکه د رسول اکرم ﷺ په حوالے سره خبره ده، اول خو دا اسمبلئ ته راتلل نه وو پکار، په دے وخت کښے چه په عدالت کښے وو، چه راغلو اوس ئے منظورول لازم پکار دی خو پینډنګ تر هغے چه ترڅو کورټ کښے Decision نه وی شوے، بحث به کوؤ خو اسمبلئ نه به دا اوس داسے نه ئ چه ګڼی دا به منظوریږی نه، دا به منظور وئ او تر هغے پورے چه ترڅو کورټ کښے مطلب دا دے اپیل د دے لکه وخت وی، تر هغے پورے دا پینډنګ شی خو منظور به وی، د دوئ د طرف نه هم شو او حکومت ورسره Agree هم دے او اسمبلئ منظور هم کړو۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the adjournment motion moved by the honourable Members may be admitted for detail discussion under rule 73? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes have it. The adjournment motion is admitted for detail discussion under rule 73.

(Applauses)

مفتی سید جانان: شکریہ جی۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: Thanks. Israrullah Khan Gandapur Sahib, to please move his call attention notice No. 412 in the House.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: شکریہ۔ جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں حالیہ سیلاب اور بارش کے دوران میرا حلقہ بھی کافی حد تک متاثر ہوا اور حکومت کی طرف سے خیمہ جات، خوراک اور وطن کارڈز میں لحاظ رکھا گیا ہے لیکن عوام میں مایوسی اس وقت پھیلی جب کہ پورا ضلع ڈیرہ کو آفت زدہ قرار دیکر میرے حلقہ نیابت کے اکثریتی علاقہ جات اور گاؤں کو اس مذکورہ نوٹیفیکیشن سے نکال کر باہر کر دیا گیا، لہذا مختصر بات کے بعد اس پر فیصلہ کیا جائے۔

سر، اس میں میری گزارش یہ ہے کہ یہ میرے پاس وہ Competent authority، پی ڈی ایم اے کی طرف سے جو نوٹیفیکیشن ایشو ہوا ہے، اس میں پورے ڈی آئی خان کا احوال ہے اور اس سلسلے میں وہاں کے جو لوکل زمینداران ہیں، انہوں نے وزیر اعلیٰ صاحب کو بھی باقاعدہ ایک درخواست دی ہے لیکن اس کے باوجود ابھی تک میرا حلقہ جو ہے، اس کو آفت زدہ قرار نہیں دیا گیا، ہو سکتا ہے کہ انہوں نے اس میں یہ Plea لی ہو کہ صرف ہم نے Flood affected کو لیا ہے، میرا جو حلقہ Mostly ہے سر، وہ Rain affected تھا اور وہ بارش کا جو پانی تھا چونکہ اس کا وہ لیول جو ہے، اس میں پانچ پانچ فٹ تک پانی کھڑا رہا تو اس میں میں منسٹر صاحب سے یہ گزارش کرونگا کہ یہ نوٹیفیکیشن میں ان کے پاس بھیج رہا ہوں اور یہ مہربانی کر کے اس میں جو میرا حلقہ رہ گیا ہے، اس کے وہ ایریاز بھی Include کر لیں کیونکہ اس میں ایسے گاؤں بھی ہیں جو کہ ڈی آئی خان سٹی کے Proper ہیں اور اس میں میں صرف ان کی توجہ کیلئے اربن نمبر 2 یونین کونسل ڈی آئی خان یعنی ڈی آئی خان کی Proper جو یونین کونسل ہے، ایک 128 سیریل نمبر پہ اس کا محلہ حافظ میراں، تو اس کو بھی Flood affected میں شامل کیا گیا ہے، اگر اربن سٹی میں جہاں پہ فلڈ واٹر کی بوند تک نہیں گئی اگر اس کو ڈکلیئر کیا جا سکتا ہے تو یہ اس حلقے کیساتھ زیادتی کیوں ہے؟ مہربانی کر کے اس کا مجھے کوئی تسلی بخش جواب دے دیں۔

جناب سپیکر: جی، ٹریژری بینچز سے آنربیل لاء منسٹر صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): گنڈاپور صاحب اور ہم سیشن کے بعد بیٹھ جائینگے، پی ڈی ایم اے والے بھی ادھر موجود ہونگے، ان کے ساتھ بیٹھ کر اور جوان کا مسئلہ ہے انشاءاللہ بھائی بندی سے حل کر لینگے۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل اسرار اللہ خان۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو۔ سر، میں انکی ایشورنس سے مطمئن ہوں۔

Mr. Speaker: Thank you, ji. Honourable Abdul Akbar Khan, to please move his call attention.

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: څه غلطی اوشوه؟

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر صاحب، ډیره اهم خبره ده-----

جناب سپیکر: اودریږه چه دا خو تیر شی کنه۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر صاحب، دا اهم خبره ده زما-----

جناب سپیکر: نه، رولز به څه کوی؟

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکرصاحب، پوائنټ آف آرډر، دا زما د علاقے اهم خبره ده-----

جناب سپیکر: هغه څه شے دے؟

ملک قاسم خان خٹک: جناب والا، زه د ټول هاؤس توجه د سرکار او د اپوزیشن بنچونو یو اهم مسئلے ته چه کوم-----

جناب سپیکر: وایمه څه شے دے؟

ملک قاسم خان خٹک: سر، دا غواړم چه ګوره جی، زه د خپل کرک ضلعے نه راغلے یم، زما په ضلع کښے زه د بجلئ حال تاسو ته وایم-----

جناب سپیکر: هغه په ټولو کښے ده،لږ کښینه ما وئیل که زما نه په رولز کښے څه غلطی اوشوه۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر، د بجلئ متعلق ډیره اهم خبره ده-----

جناب سپیکر: اودریږه څه موشن خو را کړه کنه، عبدالاکبر خان، پلیز مؤو-----

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر، ما ته د خبرے اجازت را کړه-----

جناب سپیکر: نه، دا اوس نه، پروسیډنګز کښے به، Please, Abdul Akbar Khan ,Abdul Akbar, please move your call attention دا وروستو کنه، وروستو۔

ملک قاسم خان خٹک: زه به خپله خبره کوم-----

جناب سپیکر: چه نه کښنیئ نو هغه ستا خوښه ده خو اوس رولز ته به ګورے، په رولز کښے به چلیږے۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر، زه په پوائنټ آف آرډر خبره کوم-----

Mr. Speaker: Point of order, this is no point of order, this is no point of order.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں حکومت کی توجہ اس اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ میری درخواست پر حکومت نے مردان بخشالی روڈ کیلئے خطیر رقم منظور کی جس کا دو مہینے پہلے ٹینڈر بھی ہوا ہے اور پھر وزیراعلیٰ صاحب کو میری درخواست تھی تو اس میں چورہ پل کو بھی شامل کیا گیا۔ چونکہ یہ روڈ بہت بڑی آبادی کے زیر استعمال ہے اور لوگوں کو انتہائی تکلیف ہے اور اس پر ابھی تک کام شروع نہیں ہوا ہے، اسلئے میں درخواست کرتا ہوں کہ حکومت اس روڈ پر کام کب شروع کر رہی ہے؟

جناب سپیکر، یہ بہت اہم روڈ ہے جو دو کانسٹی ٹیونسیز کو مردان سے ملاتی ہے اور وزیراعلیٰ صاحب نے ہماری درخواست پر تقریباً ساڑھے دس کروڑ روپے اس کیلئے منظور کئے، تقریباً دو مہینے ہو گئے ہیں، اس کے ٹینڈرز بھی ہو گئے ہیں، ٹھیکدار نے اس کو لیا ہوا ہے اور ابھی تک اس روڈ پر کام شروع نہیں ہوا ہے۔ جناب سپیکر، لوگوں نے تو دیکھ لیا ہے کہ یہ روڈ منظور ہوئی ہے اور ٹینڈرز اس کے ہو گئے ہیں تو اب لوگ ہم سے پوچھتے ہیں کہ اس روڈ پر کب کام شروع ہوگا؟ اب اگر اتنی اہم روڈ پر میرے خیال میں کم از کم تین لاکھ آبادی کا آنا جانا ہے، اب اگر دو مہینے ٹینڈر کے ہو گئے اور محکمہ نے ابھی تک اس پر کام شروع نہیں کیا ہے تو میں توجہ دلاتا ہوں حکومت کی اور میں درخواست کرتا ہوں حکومت سے کہ اس روڈ پر بہت جلد ہی کام شروع کیا جائے۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: یہ سر، اسکی تفصیل کچھ ایسی ہے کہ یہ روڈ جو ہے 21 ستمبر 2010 کو پی ڈی ڈبلیو پی سے منظور ہوئی اور 8 اکتوبر 2010 کو سیکرٹری صاحب نے 7.5 ملین کی Administrative approval دی، 2 نومبر 2010 کو اس کا ٹینڈر ہوا اور 3 دسمبر 2010 کو چیف انجینئر سی اینڈ ڈبلیو سے منظوری ہوئی اس کی، اب مردان سرکل کو موصول ہو گیا ہے اور ابھی ایگزیکٹیو انجینئر لوکل ہیں ہائی وے ڈویژن مردان نے 10 دسمبر 2010 کو ورک آرڈر بھی ایشو کر دیا ہے تو انشاء اللہ Within fourteen days اس پر کام شروع ہو جائیگا، یہ ہم ایشورنس دیتے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جی۔

جناب سپیکر: یہ آنریبل لاء منسٹر صاحب! آپ تو اس کا کام شروع کروا رہے ہیں اور میرے گاؤں کی روڈ چھ، آٹھ مہینے سے ٹینڈر ہوئی ہے، سب کچھ ہوا ہے لیکن میں ادھر بیٹھا ہوں، میں کچھ بھی کہہ نہیں سکتا، یہ دیکھو میرے ایک ایک ممبر صاحب اٹھ رہے ہیں، اسی طرح چغر مٹی پگی روڈ یہ بھی ذرا شروع کروا دیں۔

وزیر قانون: صحیح ہے۔

جناب سپیکر: اس آنریبل ممبر صاحب (جناب عطیف الرحمان، رکن اسمبلی) کا بھی کچھ کریں۔

وزیر قانون: صحیح ہے جی، صحیح ہے۔

جناب سپیکر: یہ خالی مردان کیلئے شروع نہ کریں۔

وزیر قانون: صحیح ہے، جی۔

جناب سپیکر: ان سب کی شروع کرائیں۔

جناب عطیف الرحمان: جناب سپیکر، زمونږه دا ورسک روډ ډیر خراب شوے دے چه په دے هم کار شروع شی۔

جناب سپیکر: دا به ټول شروع کوی، لاء منسټر صاحب۔

خیبر پختونخوا فنانس (ترمیمی) آرڈیننس 2010 کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Speaker: The honourable Minister for Law, to please lay on the table of the House the Khyber Pakhtunkhwa Finance (Amendment) Ordenince, 2010. Honourable Law Minister.

Barrister Arshad Abdullah (Minister For Law): I wish to lay before this august House the Khyber Pakhtunkhwa Finance (Amendment) Ordinance, 2010, thank you.

Mr. Speaker: Its stand laid.

اقراء یونیورسٹی آرڈیننس مجریہ 2010 کی نامنظوری کی قرارداد

Mr. Speaker: Item No.9: Mr. Abdul Akbar Khan and Mr. Israrullah Khan Gandapur, to please move their identical resolution regarding disapproval of the Iqra National University Ordinance, 2010 under rule 111 of the Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

Mr. Abdul Akbar Khan: Mr. Speaker Sir, this Assembly disapproves the Ordinance No.VII 2010 promulgated by Governor Khyber Pakhtunkhwa on 25th November, 2010 under Clause (1) of Article 128 of the Constitution of Pakistan.

Mr. Speaker: Israrullah Khan Sahib.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو، سر۔ جناب سپیکر، یہ معزز ایوان موجودہ آرڈیننس کو نہ صرف مفاد عامہ کے خلاف سمجھتا ہے بلکہ اس کی شقیں ناقابل فہم اور ناقابل عمل ہیں اور نہ صرف اس قسم کی قانون سازی سے مستقبل میں سرکاری اداروں کیلئے مشکلات پیش آئیں گی بلکہ ایک فلڈ گیٹ کھل جائے گا، لہذا اس آرڈیننس کو قطعی طور پر رد کرتا ہے۔ سر، اگر One by one ہمیں پھر اس پر بولنے کی اجازت دی جائے اور گورنمنٹ کا مؤقف بھی اس کے بعد آپ سن لیں۔

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، ہم پرائیویٹ یونیورسٹیز کے خلاف نہیں ہیں، ایجوکیشن کے پرائیویٹ انسٹی ٹیوشنز کے خلاف نہیں ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ اس صوبے میں اور بھی اس طرح کے انسٹی ٹیوشنز بنیں تاکہ لوگوں کو آسانی ہو لیکن جناب سپیکر، جب ہم لیجسلیشن کرتے ہیں تو لیجسلیشن One time نہیں ہوتی اور لیجسلیشن ایک شخص کیلئے نہیں ہوتی ہے، لیجسلیشن سارے صوبے کیلئے ہوتی ہے، سارے صوبے کے عوام کیلئے لیجسلیشن ہم کرتے ہیں۔ جناب سپیکر، یہ جو گورنر صاحب نے آرڈیننس Promulgate. کیا ہے جناب سپیکر، ایک اس میں تو گورنمنٹ کا Role zero ہے۔ اچھا جناب سپیکر، باقی جو یونیورسٹیز ہیں، خواہ وہ پاکستان کی کوئی بھی یونیورسٹی ہو، اس کا جو چانسلر ہوتا ہے، وہ ایک آفس ہوتا ہے، مطلب ہے گورنر ہوتا ہے اور وہ By name نہیں ہوتا، اب اگر ایک گورنر آج چلا جائے تو اس کی جگہ

دوسرا گورنر آئے گا تو وہی چانسلر ہوگا، تو اس لئے کہ یہاں پر By name لیجسلیشن ہو رہی ہے اور اس کے علاوہ باقی جو بھی Acts ہیں یونیورسٹیز کے، اس میں سپیکر پراونشل اسمبلی کیلئے یہ رکھا گیا ہے کہ وہ اس کی سینٹ یا سینڈیکٹ کیلئے ایک ممبر کو نامزد کریں، اس میں وہ پروویژن بھی نہیں رکھی گئی ہے، گورنمنٹ کا Role بھی Zero ہے اور اس میں گورنمنٹ کا کوئی وہ نہیں ہے، سارے جو ہیں، اس میں ایک جو ایڈیشنل سیکرٹری ہے ہائر ایجوکیشن کا، اس کو بورڈ کا ممبر بنادیا گیا ہے، اس کے علاوہ اور بھی بہت سی غلطیاں ہیں جناب سپیکر، اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ یہ منسٹر صاحب ہمیں ایشورنس کرادیں کہ یہ آرڈیننس اگر اسی شکل میں پاس ہو جاتا ہے تو یہ ایک اتنا Bad precedent ہوگا کہ ہم By name لیجسلیشن کریں گے، کسی آدمی کیلئے لیجسلیشن کریں گے تو کل خدانخواستہ وہ شخص اگر نہیں رہا تو اس کیلئے دوبارہ یہاں پر امنڈمنٹس لانا پڑیں گی اور پھر وہ دوسرا شخص نہیں ہوگا تو پھر امنڈمنٹ لانا پڑے گی کیونکہ جب آپ By office لیجسلیشن نہیں کریں گے، By name لیجسلیشن کریں گے تو Definitely اس آدمی کے جانے کے بعد آپ کو پھر نئی لیجسلیشن لانا پڑے گی تو میری درخواست ہوگی ہائر ایجوکیشن منسٹر صاحب سے کہ اس چیز کو ذرا توجہ دیں اور ہم بھی ان کے ساتھ بیٹھنے کیلئے تیار ہیں تاکہ اس پر ہم ان کے ساتھ بیٹھ جائیں اور اس میں جو Flaws ہیں، یہ تو چند ہم نے بتا دیئے اور باقی اس میں بہت سی چیزیں ہیں جو ہم Induct کرنا چاہتے ہیں، بجائے اس کے کہ ہم امنڈمنٹس میں لے آئیں اور اس ہاؤس کا وقت ضائع کریں تو ہم ان کے ساتھ بیٹھ جائیں گے اور اس کا کوئی حل نکال لیں گے۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، اسرار اللہ خان۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> تھینک یو، سر۔ میں آپ کا مشکور ہوں، جیسا کہ عبدالاکبر خان صاحب نے کہا کہ اس کی اگر ہم شقوں پر بحث کریں تو اس ہاؤس کا قیمتی وقت مزید لے گا اور ضائع ہوگا۔ میں دو تین ایشوز اس ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ ایک جیسا کہ انہوں نے کہا کہ By name لیجسلیشن ہے صوبائی اسمبلی جو قانون سازی کرے گی وہ اسکی مشاورتی پراسس سنڈیکٹ میں، Routine میں جو Matters ہوتے ہیں، اس میں پھر شریک نہیں ہوگی، بورڈ آف ٹرسٹیز اسکے سارے معاملات کو Run کرے گا جس کی جو Composition ہے، آرڈیننس میں ذکر نہیں ہے، مطلب ہے کہ وقتاً فوقتاً وہ Change ہوسکتی ہے اور آرڈیننس کے اندر ہمیں یہ پتہ نہیں ہے کہ بورڈ آف ٹرسٹیز میں اسکے کون ہیں؟ وہی اس کا ایک سپریم ادارہ ہوگا اور جو اس کے معاملات کو، Even چانسلر کو بھی Remove کرسکتا ہے۔

سر، جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ اس رول نمبر 111 کے تحت جب ہم نوٹس دیتے ہیں تو چند ایک ایسے ایشوز ہوتے ہیں جو کہ ہم سمجھتے ہیں کہ ان کو Sensitizes کیا جانا ضروری ہوتا ہے، یہ Routine کی لیجسلیشن نہیں ہوتی اور یہ Disapproval notice بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ جہاں تک میری یاداشت ہے اور یہ جو ہمارا موجودہ سیشن ہے، 2008 سے Onward کوئی تین چار بار ہم نے رول 111 کو استعمال کیا ہے اور اکثر آپ دیکھ لیں کہ گورنمنٹ نے Ultimately ہمارے ساتھ بیٹھ کر معاملات کا ایک حل نکالا ہے کیونکہ وہ ایشوز ایسے ہوتے تھے جو کہ Routine کی لیجسلیشن کے علاوہ تھے۔ سر، منسٹر صاحب بھی اٹھیں گے، ان کے پاس بھی یقیناً ریکارڈ ہوگا، مختلف قسم کی یونیورسٹیاں اب تک پرائیویٹ سیکٹر میں لیجسلیشن کے ذریعے ہم رجسٹر کر چکے ہیں جن میں پرسٹن یونیورسٹی، گندھارا یونیورسٹی، سیکاز یونیورسٹی، سٹی یونیورسٹی، قرطبہ یونیورسٹی، اباسین یونیورسٹی اور شاید اگر منسٹر صاحب اس کے نام لینا چاہیں، میں انکی توجہ کیلئے پہلے سے لے لوں لیکن سر، اگر آپ یہ ساری یونیورسٹیز دیکھیں، یہ یا مارشل لاء میں آئی ہیں اور یا ایمرجنسی جس وقت ملک میں نافذ تھی، تو ایک عام تاثر یہ بنتا ہے کہ پرائیویٹ یونیورسٹیز کو اگر پچھلے دروازے سے کوئی انٹری ملتی ہے تو وہ مارشل لاء کے وقت پہ ملی ہے اور یہ سارے جتنے بھی آرڈیننسز ہیں، یہ 02-2001 اور اباسین یونیورسٹی جو تھی، وہ ایمرجنسی جب ملک میں لگی تھی تو اس وقت وہ آئی تھی اور At retrospective date ہم نے اس کی پھر منظوری اس وجہ سے دی تھی، اس مجبوری کے تحت کہ وہ ادارہ بن چکا تھا، دو سال لے چکا تھا، اگر گورنمنٹ اس سے Back out ہوتی تو گورنمنٹ کیلئے مسئلہ تھا لیکن یہ ایک فریش لیجسلیشن ہے اور میری ان سے یہ پرزور گزارش ہوگی کہ اس کو ماضی کی Precedent کا حوالہ نہ دیں اور وہ میں نے پہلے سے کہہ دیا ہے، یہ ایک فریش لیجسلیشن ہے اور اگر کوئی مجھے ثابت کر دے کہ جمہوری حکومتوں میں اس قسم کی لیجسلیشن اگر ہوئی ہے تو میں اپنی قرارداد کو واپس لے لونگا۔ میری قاضی صاحب سے یہ گزارش ہوگی کہ مہربانی کر کے اس کے متعلق سنجیدگی سے سوچیں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Ji, honourable Minister for Higher Education, please.

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، میں اپنے دونوں معزز اراکین کی جو انہوں نے بات کی ہے، میں اس کی قدر کرتا ہوں۔ سر، میں ایک گزارش یہ کرنا چاہونگا، اپنے دونوں معزز بھائیوں سے کہ یہ Disapproval notice آپ واپس لے لیں اور مجھے اجازت دیں کہ میں کم از کم اس بل کو پیش کر دوں اور پھر ان کے ساتھ بیٹھ کر جتنی Reservations ہیں، انکو Adress کر لیں

گے اور کوئی ایسی بات نہیں ہے، اس ہاؤس کا حق ہے اور بہتر سے بہتر لیجسلیشن کرنا بھی ہمارا فرض ہے، اس میں اگر کوئی کمی ہے تو اس کو بیٹھ کر بات چیت کے ذریعے دور کرینگے، میں انکو Assure کراتا ہوں کہ برائے مہربانی یہ اپنے Disapproval notices واپس لے لیں۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، ہمارا مقصد یہی تھا کہ ہم جو اس میں Lacunas اور جو اس میں غلطی ہے، وہ گورنمنٹ کے سامنے لے آئیں اور آنریبل منسٹر صاحب ہمارے ساتھ بیٹھ کر ان Lacunas اور ان غلطیوں پر بات کرنا چاہتے ہیں تو میں اس کو Withdraw کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل اسراراللہ خان صاحب۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: تھینک یو، سر۔ بالکل میں بھی اس Gesture کی قدر کرتا ہوں اور جیسا کہ انہوں نے Assure کرایا ہے کہ اس کو جب Present کرینگے تو ہماری جتنی بھی گزارشات ہیں تو ان کا سنجیدگی سے نوٹس لینگے، میں Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion is withdrawn.

اقراء نیشنل یونیورسٹی آرڈیننس 2010 کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Speaker: Honourable Minister for Higher Education, Khyber Pakhtunkhwa, to please lay on the table of the House the Iqra National University Ordinance, 2010. Honourable Minister for Higher Education, please.

Minister for Higher Education: Thank you, Sir. I beg to move that the Iqra National University Ordinance, 2010 may be laid before the House.

Mr. Speaker: It stands laid.

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان! بیا پکښے څه وشو؟

نکتہ اعتراض

جناب عبدالاکبر خان: ہاں سر۔ یہ آپ کا ایک نوٹیفیکیشن ہماری ٹیبل پر پڑا ہوا ہے:

No. F-21, 6-2010, pursuance to the Constitution 18th Amendment Act, 2010, the Chief Election Commissioner has been pleased to order that all existing 99 constituencies of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Province bearing No. PF-1, Peshawar-1 to

PF-99 Malakand Protecting Area II, shall be renamed as PK-1, Peshawar-1 to PK-99 Malakand Protecting Area-II, w. e. f that of the promulgation of the said Act.

نیچے جناب سپیکر، یہ چیف الیکشن کمشنر کی طرف سے ہے، یہ آرڈر بھی چیف الیکشن کمشنر کی طرف سے ہے۔ جناب سپیکر، میں آپ کو آئین کے آرٹیکل 213 کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں، جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ آئین کے آرٹیکل 213 کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ **Chief Election Commissioner**

“213. (1) There shall be a Chief Election Commissioner (in this part referred to as the Commissioner), who shall be appointed by the President، اب جناب سپیکر، (2) No person shall be appointed to be Commissioner, ‘means Chief Election Commissioner’, unless he is, or has been, a Judge of the Supreme Court or is, or has been, a Judge of High Court and is qualified under paragraph (a) of clause (2) of Article 177 to be appointed a Judge of the Supreme Court.

(2A) The Prime Minister shall in consultation with the Leader of the Opposition in the National Assembly, forward three names for appointment of the Commissioner to a Parliamentary Committee for hearing and confirmation of any one person”

جناب سپیکر، اب حالت یہ ہے کہ 18th Amendment تو پاس ہو گئی لیکن اس 18th Amendment کے تحت، 213 کے تحت وہ کمیٹی ابھی تک نہیں بنی جو دو دو، تین تین نام بھیجے گی۔ جب وہ کمیٹی ہی نہیں بنی تو وہ نام کیسے، تو جب نام نہیں بھیجے ہیں تو اپوائنٹمنٹ کیسے ہو گی اور جب اپوائنٹمنٹ نہیں ہو گی تو پھر وہ نوٹیفیکیشن کیسے کر سکتے ہیں؟ اس لئے میری درخواست ہے کہ اس پر آپ رولنگ Reserve کر لیں کیونکہ بہت اہم پوائنٹ ہے کہ اگر آج آپ کانسٹی ٹیونسیز کے نام Change کرتے ہیں اور ایک ایسے شخص سے کرتے ہیں، نوٹیفیکیشن سے کرتے ہیں کہ جو شخص خود In power نہیں ہے، جس کے ساتھ خود اختیار نہیں ہے کہ وہ چیف الیکشن کمشنر ہو، جس کے ساتھ خود اختیار نہیں ہے کہ وہ کمشنر ہو تو پھر وہ کیسے ایشو کر سکتا ہے اس طرح نوٹیفیکیشن؟ تو میری درخواست ہے جی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، آنریبل لاء منسٹر صاحب، کچھ تیار ہیں؟

<u>بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون):</u> یہ ایشو تو ابھی فریش انہوں نے Raise کیا ہے۔۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker:</u> Okay, make it for another day.

<u>وزیر قانون:</u> اس طرح کر لیں، کسی اور ٹائم کیلئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کل، پرسوں جب بھی، Next day۔

وزیر قانون: Any time، ٹھیک ہے جی، Next day کرلیں۔

Mr. Speaker: Next day, next coming session day.

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر صاحب، یو منټ خبره کوم جی-----

جناب سپیکر: یو منټ کنه جی، یو منټ، او د ریړه چه دا ایجنډا ختمه شی۔

ملک قاسم خان خٹک: سر، ډیره اهم خبره ده۔

جناب سپیکر: گوره چه کوم څیز، زه در کومه چانس، ملک صاحب! تاسو پخپله Dictation را کوئ۔ Dictation آپ چیئر کو نہیں دے سکتے، آپ بیٹھ جائیں۔

Malik Qasim Khan Kattak, to please start discussion on your adjournment motion No. 221, already admitted for discussion under rule 73 of the Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Malik Qasim Khan Khattak Sahib.

میاں نثار گل کاکاخیل: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: آپ ایجنڈے کو نہیں دیکھتے، آپ کا ویسے ہی نمبر آ رہا ہے لیکن صبر بھی کوئی چیز ہوتی ہے نا۔

میاں نثار گل کاکاخیل: جناب سپیکر صاحب، ایک ضروری بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: او د ریړه دا در کومه جی، او د ریړه هغه ته مے فلور ورکړو جی۔

میاں نثار گل کاکاخیل: جناب سپیکر صاحب، هغه ته خو مو فلور ورکړو او ما ته نه را کوئ۔

Mr. Speaker: No, that was point of order that was point of order; this is not point of order.

میاں نثار گل کاکاخیل: سر، آپ ان کو تو چانس دیتے ہیں اور ہمیں نہیں دیتے ہیں، یہ بات-----

جناب سپیکر: میاں صاحب! میاں صاحب، جو پوائنٹ آف آرڈر ہوتا ہے تو وہ چیئر کو پتہ ہوتا ہے کہ یہ پوائنٹ آف آرڈر ہے اور وہ آپ کے حلقے کے مسائل ہوتے ہیں، اس کیلئے اپنے طریقے ہیں۔

تحریک التواء نمبر 221 پر مفصل بحث

ملک قاسم خان خٹک: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ شکریہ، جناب سپیکر۔ معمول کی کارروائی روک کر اس اہم مسئلے پر بحث کی اجازت چاہتا ہوں کہ موجودہ مہنگائی کے سیلاب اور ضروری اشیاء کی روز بروز بڑھتی ہوئی

قیمتوں نے عوام کا جینا دو بھر کر دیا ہے اور عوام شدید بے چینی اور اضطراب میں مبتلا ہیں، لہذا اس پر بحث کی اجازت دی جائے۔

شکریه جناب۔ جناب والا ، شاید موجوده حالات کښے چه دا کومه مهنگائی ده، په کوم حالات کښے غریب دے او دے سره که د نچلے درجے سرکاری ملازمین دی، دا ډیر قابل افسوس خبره ده۔ ته خپله سوچ اوکړه چه د نن نه درے کاله، دوه کاله چه د کله نه مونږ الیکټ شوی یو، دا حلف مو اوچت کړے دے ، د مهنگائی کوم صورتحال دے ، بجلی اوګوره چه بجلی یو ځل نه، نن تین ګناه زیاته شوے ده، سر، څه فائده خو او نه شوه، که زیاته شوه، غلا زیاته شوه، غلا بختور خلق کوی اوهیڅ انتظام ئے نشته، یو طرف ته چائنا حکومت ته دا درخواست کوی چه راشه زه تین سو روپئ باندے چه کوم دے تا ته د یو کور بجلی درکوم او دلته کښے مونږ په رینټل پاور منصوبے باندے لګیا یو، څومره مجبوری ده۔ بل طرف ته عوامو ته د آټا ضرورت دے ، د اوړو ضرورت دے ، هغه اوړه په کوم حال باندے دی چه هغه ریټ څومره اوختو، مرچ، چینی، ګوړه او تمباکو څه شے چه کوم دے ، زه چه اوګورم هغه غریب بالکل خپل خیټه نه شی ساتلے ، یو چوکیدار اوګوره چه د هغه پانچ هزار، چه هزار روپئ تنخواه ده، یو نائب قاصد اوګوره، یو کلرک اوګوره، نن څه صورتحال دے ، ورځ په ورځ د مهنگائی Ratio زیاتیږی، حکومت هله مزه کوی چه یو طرف ته بادشاه وی او بل طرف ته د هغوی سره خپل وزیران وی او بل طرف ته بهوکے ، ننګے عوام چه کوم دی ، د هغوی اوړه نه وی نو حکومت مزه کوی؟ که چرے تا نه خلق د لوګے مری او بل طرف ته مهنگائی ورځ په ورځ زیاتیږی او د هغه هر قسم قوت خرید ختم شی، بیا به هغه خلق څنګه ګزاره کوی؟ جناب والا ، ښه ته خپله سوچ ورته اوکړه، نن سبزی منډئ ته لاړ شه د سبزئ ضرورت Essential commodities ته اوګوره چه هغه کوم حال ته قیمتونه د آسمان سره خبری کوی، هیڅ روک تهام ئے نشته دے او هغے د پاره مخکښے زمانه کښے به خپل ډپټی کمشنر وو، اسسټنټ کمشنر به وو، هغے د پاره باقاعده کمیټئ وے ، پرائس ریویو کمیټئ، په هغے کښے به پرائیویټ خلق وو، Elective representative وو، هغوی به باقاعده په مارکیټو چهاپے وهلے ، اوس هیڅ پرسان حال نشته دے۔ جناب والا ، ته خپله

سوچ ورته اوکړه، دا مهنګائی مونږ نه جوړه ده، خپله حکومت وقت سره بالکل د غریب سوچ نشته دے، غریب کوم طرف ته لاړ شی، ته خپله سوچ ورته کوه، تا ته خپله حکمرانی مزه درکوی، دا جناب والا چه یو طرف ته غریب خلق ژاړی او بل طرف ته چه ته حکمرانی کوے، د دے حکمرانئ ښومره خوند دے، دا تا ته خوند درکوی۔ ګوره مونږ خو لګیا په یو انداز کښے د اسمبلئ ممبران، دا ووټونه دے د پاره کیږی چه عوامو ته به ریلیف ورکړی، نه دا چه په عوامو بوجھ جوړ شی نو جناب والا، مهنګائی نن د وخت ضرورت چه کوم دے، دا ډیره اهم مسئله ده، ته ګوره جی، ګیس ته اوګوره، ته دے تیلو ته اوګوره، ته دے غوړو ته اوګوره، چینو ته اوګوره، ګوره جی حبیب جالب وائی چه: "*بیس روپے کا آٹا*" یو ټائم کښے ئے وئیل چه "*واہ واہ پھر بھی عوام کا ہے سناٹا*" دغه حالاتو کښے جی، د ایوب صاحب دور اوګوره چه ایوب صاحب څه وئیل، د '*چینی چور*' نعرے شوے، نن عوام د مهنګائی نه بهر راوتلے نه شی، مجبوره دی نو داسے حالات بالکل ورځ په ورځ وروستو روان دی، Worst روان دی او مهنګائی په هغه انداز کښے ده او بل طرف ته حکمرانان عیاشئ کوی۔ خپله سوچ اوکړه ورته چه په دے کال کښے ښومره دورے د اوکړے، دا ستا په دورو چه کوم خرچ راغے یا داسے زمونږ دا نور وزیران چه کومے دورے کوی، ته خپله سوچ ورته کوه، ته بل طرف ته سوچ اوکړه چه غریب مری روټئ نه مومی جی، خو دا واوره، زه حکومت وقت ته دا درخواست کوم چه د غریب سوچ اوکړئ، د غریب سوچ اوکړئ که چرے غریب نه وی درسره حکمرانی په غریب کیږی، که غریب رااوتو بیا به تاسو حکمرانی چرته وی؟ (*تالیاں*) جناب والا، که چرے غریب رااووتو حکمرانی به چرته بیایے؟ نو سر زما دا ریکویسټ دے چه مهنګائی باندے خصوصی توجه د ورکړلے شی۔ ما خو مخکښے دا وئیلی وو جی، دا زما کور سره تنور دے د اوړو، په ایماندارئ درته وایم چه ماښام شی، خلق پرے جهګړے کوی نو چه ستا غریب روټئ نه مومی او بل طرف ته ته مزے کوے، دا ښومره چه کوم د وخت ضرورت دے؟ زه حکومت وقت ته دا درخواست کوم چه په مهنګائی باندے د

خصوصی توجه ورکړے شی او جناب والا، مونږ ډیر مجبور یو۔ شکریه، ډیره مهربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> میاں نثار گل صاحب، آنریبل میاں نثار گل صاحب۔

<u>میاں نثار گل کاکاخیل:</u> شکریہ، جناب سپیکر۔ سر، یہ ہے کہ میں آپ کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں لیکن بعض مسائل ایسے ہوتے ہیں کہ اسمبلی فلور پر اگر ہم نہ اٹھائیں تو پھر حکومت کیلئے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر، اصل بات یہ ہے کہ میں ضلع کرک سے Belong کرتا ہوں، اس ضلع سے کہ جس کے بارے میں شکر الحمد للہ کہ آج آپ کو پتہ ہے ہائی کورٹ پشاور نے ایک وہ بھی دیا ہے کہ اس صوبے میں لوڈ شیڈنگ اس لئے نہیں ہوگی کہ ہماری پیداوار گیس کی اپنے ضلع کرک کی ہے۔ جناب سپیکر، میں وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ایک ہفتہ پہلے میں ان سے چیمبر میں ملا تھا اور ان سے کہا تھا اور انہوں نے چیف پیسکو کو فون بھی کیا تھا، وولٹیج کے متعلق کہ ضلع کرک میں وولٹیج بالکل نہیں ہے اور ہمارے ٹیوب ویلز سارے بند پڑے ہیں۔ اس سے تقریباً ایک رات پہلے عام لوگوں نے کرک میں انڈس ہائی وے کو بلاک کیا تھا، میں اور ڈی سی او کرک خود گئے اور ان لوگوں کے ساتھ مذاکرات بھی کئے۔ میں چیف پیسکو کا شکریہ ادا کرتا ہوں، بڑے قابل احترام آدمی ہیں، فون بھی کرتے رہتے ہیں اور رابطے بھی ہوتے ہیں لیکن اصل بات یہ ہے کہ انہوں نے ہمارے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ محرم تک آپ لوگ انتظار کریں، محرم کے بعد کرک کی بجلی ڈومیل کے ساتھ کریں گے اور وولٹیج کا مسئلہ حل ہوگا۔ سر، میں یہ نہیں کہنا چاہتا کہ لوڈ شیدنگ جتنی بھی ہو، دس گھنٹے ہو، بارہ گھنٹے ہو میں مانتا ہوں سر، میں یہ نہیں کہتا کہ ہمیں بجلی دی جائے، سر اصل بات یہ ہے کہ کرک میں بالکل سارے ٹیوب ویلز بند پڑے ہیں، پانی کے مسائل ہیں اور میں آپ کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں، ایک سال پہلے آپ کو یاد ہوگا، آپ نے پشاور کی خاطر گیس والوں کو بلایا تھا کہ درہ آدم خیل میں گیس کی پائپ بند تھی اور آپ نے ان کو کہا تھا کہ جس طرح بھی ہو پائپ لائن کو چالو کیا جائے کہ کم از کم پورے پشاور ریجن میں گیس کی تکلیف نہ ہو، تو اسی طرح ہم بھی انہی علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں جن علاقوں سے گیس آتی ہے تو ہم بھی کم از کم اپنے علاقوں میں جب جاتے ہیں تو شرم محسوس ہوتی ہے کہ تیل اور گیس کے وسائل کے باوجود ہم بجلی کے پیچھے بھاگ رہے ہیں۔ تو جناب، آج میرے ساتھ وعدہ ہوگا، اگر وعدہ نہ ہوا تو پھر میں اس ایوان میں لوڈ شیڈنگ کے خلاف اور وولٹیج کے خلاف کم از کم میں نہیں آؤں گا اور اپنے عوام کے ساتھ رہونگا۔

<u>جناب سپیکر:</u> ابھی موضوع کی طرف تھوڑا آئیں، یہ ابھی مہنگائی کے موضوع کی طرف آئیں۔

میاں نثار گل کاکاخیل: نہیں، اگر یہ مسئلہ حل نہ ہوا تو پھر اسمبلی میں آنا اور بیٹھنا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی ان کی جو موشن ہے، اس موشن کی طرف تھوڑا سا آئیں۔

میاں نثار گل کاکاخیل: نہیں سر، میں بجلی کے متعلق بات کر رہا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی ڈسکشن اس پہ شروع ہے نا، آپ کی بات پہنچ چکی، ابھی مزید مہنگائی پر بات کریں۔

میاں نثار گل کاکاخیل: سر، مہنگائی بعد میں دیکھی جائے گی، میں پہلے بجلی کے متعلق پوچھنا چاہتا ہوں۔ اگر آپ چیف پیسکو والوں کو نہیں کہہ سکتے تو میں احتجاجاً واک آؤٹ کرتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ بلائیں گے، ان کو بلائیں گے۔

میاں نثار گل کاکاخیل: واک آؤٹ کرتا ہوں، اس وقت تک نہیں آؤں گا جب تک کہ، کیونکہ میں نے عوام کے ساتھ وعدہ کیا ہے اور عوام کو میں نے اعتماد میں لیا ہے، میں پھر ادھر بیٹھنا نہیں چاہتا کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، ان کو بلائیں گے، چیف پیسکو کو بلائیں گے۔

میاں نثار گل کاکاخیل: جی۔

جناب سپیکر: چیف پیسکو کو بلائیں گے، ابھی مہنگائی کیلئے آپ کو فلور ملا ہے، اس پر بات کریں۔ جی، مفتی کفایت اللہ صاحب۔ اود ریږه جی، ډیر مخکښې نه ئې وئیلي وو جی۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے انتہائی نازک موضوع پر بات کرنے کا موقع فراہم کیا اور میں آنریبل ایم پی اے، جناب ملک قاسم صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک انتہائی اہم تحریک التواء لے آئے ہے اور حکومتی بنچوں نے اس کو تسلیم کیا ہے تو ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، حکومت کوئی لاقانونیت اور جنگل کے قانون کا نام نہیں ہے، اسلام کے نقطہ نظر میں ایک عمل ہوتا ہے جس کو عمل بیعت کہا جاتا ہے، عمل بیعت کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ عوام ایک فریق ہیں اور حکومت دوسری فریق، حکومت کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ آپ حکمرانی کریں گے، خزانے کے اختیارات کا استعمال آپ کے پاس ہوگا، تقرریاں اور تبادلے آپ کریں گے، یہ ہم آپ کے ہاتھ پر بیعت کرتے ہیں لیکن اس کے مقابلے میں آپ ہماری جان، مال، عزت اور آبرو کی حفاظت کریں گے اور ہمیں بنیادی ضروریات مہیا کریں گے۔ جناب سپیکر، میں مہنگائی جیسے عفریت کو بنیادی ضروریات، انسانی حقوق کی ضروریات میں شامل سمجھتا ہوں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی حکومت اس وقت تک کامیاب

نہیں ہو سکتی جب تک وہ حکومت اپنے عوام کیلئے سستا آٹا پیدا نہ کر سکے، وہ بنیادی ضروریات پیدا نہ کر سکے جو ان کی قوت خرید کے مطابق ہوں۔ مجھے معاف کیجئے پانچ سال حکومت ایم ایم اے کی گزری ہے اور اب بھی Coalition government ہے، میں کسی ایک حکومت کو تنقید کا نشانہ نہیں بنا رہا ہوں، میں وہ عمومی بات کر رہا ہوں کہ جب حکومت آ جاتی ہے تو عوامی مسائل پر توجہ نہیں ہوتی اور زیادہ سے زیادہ یہ بتایا جاتا ہے کہ کس طرح حکومت کی جائے اور حکمرانی کا طرز کس طرح ہو؟ حکمرانی کا بہترین طرز تو عوام ہیں، اگر آپ کو عوام ووٹ نہ دیتے تو آپ یہاں کس طرح پہنچتے اور جن کرسیوں پر آپ تشریف فرما ہیں، یہ کرسیاں قوت بازو اور قوت شمشیر سے آپ کو حاصل نہیں ہوئیں، یہ تو ایک جمہوری عمل ہے اور جمہوری عمل کے ذریعے سے آپ یہاں تشریف لائے ہیں۔ اگر کل کوئی اور حکومت ہو تو وہ بھی جمہوری عمل کا نتیجہ ہوتی، آج یہ حکومت ہے تو یہ بھی جمہوری عمل کا نتیجہ ہے اور آنے والے دور میں اگر کوئی اور حکومت ہو گی تو وہ بھی جمہوری عمل کا نتیجہ ہو گی، جمہوریت یا Democracy is the Government of the people by the people and for the people of the people کے معنی یہ ہیں کہ کوئی آدمی یہ نہ کہے کہ یہ میری حکومت ہے، یہ عوام کی حکومت ہوتی ہے، یعنی ملکیت کا حق بتا دیا کہ اس کے مالک عوام ہیں اور By the people کے معنی یہ ہیں کہ وہاں قوت انتخاب بھی عوام ہیں، کوئی اور Dictation نہیں ہے، سلیکشن نہیں ہے الیکشن ہے اور For the people کے معنی یہ ہیں کہ وہ حکومت وزیروں کی نہیں ہو گی، وہ وزیر اعلیٰ کی نہیں ہو گی، وہ حکومت عوام کی فلاح و بہبود کی ہو گی۔ ہم جب ڈیموکریسی اور جمہوریت کی تعریف کرتے ہیں اور اس آخری شق پر جب دیکھتے ہیں کہ For the people عوام کیلئے تو پھر ہر حکومت کیلئے ایک احتساب کا میدان کھل جاتا ہے کہ میں نے عوام کو کتنی سہولیات دے دی ہیں اور عوام کتنے خوش ہیں؟ جناب سپیکر، مجھے یہ نہ بتایا جائے کہ یہ مرکز کا سبجیکٹ ہے، مہنگائی خالصتاً صوبے کا سبجیکٹ ہے، میں یہاں بات نہیں کرونگا تو میں کہاں جاؤنگا؟ چوک اور چوراہوں میں باتیں نہیں کی جا سکتیں، بات تو یہاں ہو سکتی ہے اور یہ بات خالصتاً دلائل کی بنیاد پر ہو سکتی ہے۔ اگر کوئی حکومت کا ذمہ دار اٹھ کر مجھے دلیل سے یہ بتائے کہ ہم نے عوام کیلئے یہ کیا ہے اور عوام پریشان نہیں ہیں اور ہماری حکومت میں عوام بالکل پر سکون ہیں اور وہ خوش ہیں تو پھر میں اپنی تقریر پر اصرار نہیں کرونگا، میں اپنی بات کو واپس لے لونگا۔ ہر دن جب سورج چڑھتا ہے جناب سپیکر، وہ سورج جب آنکھوں پر لگتا ہے تو وہ احتساب اور عوام کی بہتری کا پیغام دیتا ہے اور جب وہ سورج غروب ہو جاتا ہے، وہ یہ اطلاع

دیتا ہے کہ ہر ایک کو غروب ہونا ہے، ہر ایک کو غروب ہونا ہے، جب سورج اپنی تمازت کے ساتھ باقی نہیں رہ سکتا ہے، وہ غروب ہوتا ہے تو اقتدار آنی جانی چیز ہے اور یہ فنا ہونے والی چیز ہے، یہ باقی نہیں رہتی اور جب یہ چیز باقی نہیں ہے تو وقت کے حکمرانوں کیلئے خدمت کا ایک موقع ہوتا ہے کہ وہ عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں دے دیں اور عوام کی پریشانیاں ختم کریں، انکے مسائل کو حل کریں۔ میں اس بات کو بھی اعتراف سے کہتا ہوں کہ جب یہ حکومت آئی، اس وقت بہت زیادہ مسائل تھے اور بہت زیادہ مسائل لاء اینڈ آرڈر کے بارے میں تھے یا بغاوت کا مسئلہ درپیش تھا اور یہاں پر حالات بہت زیادہ یعنی ادھر توجہ نہیں ہو سکتی تھی لیکن اب تو ایسے حالات نہیں ہیں، اب تو حالات نارمل ہیں اور یہ بھی میں مانتا ہوں کہ یہاں زلزلہ گزرا ہے اور یہ بھی مانتا ہوں کہ یہاں سیلاب آیا ہے لیکن یہ تمام چیزیں ہمیں عوام کو بہتر سہولت دینے سے مانع نہیں ہیں، ایک بہانہ نہیں بن سکتا۔ اگر سیلاب آیا تو اسکے معنی یہ نہیں ہیں کہ اب لوگ مہنگائی کی چکی میں پستے رہیں اسلئے کہ سیلاب آیا ہے، پہلے مہینے میں یہ رٹے رٹائے جملے ہونگے، دوسرے مہینے بھی رٹے رٹائے جملے ہونگے، پہلے سال بھی یہی رٹے رٹائے جملے ہونگے اور دوسرے سال بھی یہی ہونگے، تو معاف کیجئے ہم عوام کے سامنے منہ دکھانے کے قابل نہیں ہونگے۔ جناب سپیکر، ہمارے ڈھائی سال ہونے کو ہیں، تین سال ہو جائیں گے تو ہم دوبارہ عوام کے پاس جا رہے ہیں، عوام کی عدالت ہمارا احتساب کرے گی اور عوام کی عدالت ہم سے پوچھے گی کہ آپ نے کتنا اچھا کیا اور کتنا برا کیا؟ اگر حکومت کی یہی کارگزاری رہی تو پھر عوام کا سامنا تو ہر ایک جمہوری پارٹی نے کرنا ہوگا تو یہ کس طرح Deliver کریں گے، عوام کو کس طرح مطمئن کریں گے؟ آج میری بات کو ایک سیاسی سکورنگ کے طور پر نہ سنا جائے بلکہ میں ہمدردی اور خیر خواہی کے جذبے سے بات کر رہا ہوں کہ عوام کے مسائل کو حل کیا جائے۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ۔

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: اب میں عرض کرتا ہوں کہ عوام کے مسائل کیا ہیں؟ عوام کے مسائل یہ ہیں کہ دو وقت کی روٹی نہیں ملتی، دو وقت کی روٹی نہیں ملتی اور لوگ بہت پریشان ہیں، وہ پٹھان وہ غیر تمند پٹھان جو چائے سے اپنی صبح کا آغاز کرتے تھے، آج وہ چینی کیلئے پریشان ہیں، مہمان نوازی کیلئے پریشان ہیں، لوگ مہمانوں کو کس طرح سنبھالیں؟ اس لئے پریشان ہیں اور ہمارا جو معیار زندگی ہے، وہ غربت کی لکیر سے نیچے گر گیا ہے اور ہم نے اسکے بارے میں کوئی پلان نہیں بنایا ہے، میں حکومت سے ضرور یہ شکایت کرتا ہوں کہ جہاں بہت سارے پلان بناتے ہیں، وہاں آپ نے یہ پلان کیوں نہیں بنایا کہ بے روزگاری کس طرح ختم

ہو گی، غربت کس طرح ختم ہو گی، لوگوں کے معیار زندگی میں کس طرح اضافہ ہو گا، انکو ہم کس طرح بہتر کر سکیں گے؟ اگر ہم اور بہتری نہیں لا سکتے لیکن میرا یہ حق بنتا ہے کہ میں اپنے حکمرانوں سے پوچھوں کہ بلوچستان سے میرا معیار زندگی بہتر ہونا چاہیئے، پنجاب سے میرا معیار زندگی بہتر ہونا چاہیئے، گلگت اور کشمیر سے میرا معیار زندگی بہتر ہونا چاہیئے، کراچی سے میرا معیار زندگی بہتر ہونا چاہیئے، آج میں افسوس سے کہتا ہوں کہ ہمارا معیار زندگی بہتر نہیں ہے، آپ نے اس سلسلے میں کیا سوچا ہے؟ مجھے امید ہے کہ انہوں نے سوچا ہو گا، یہ جو رات دن بیٹھتے ہیں، میٹنگ کرتے ہیں، ان کے پاس بہت سارے ماہرین نے سوچا ہو گا لیکن میری اطلاع بہت ناقص اور کمزور ہے کہ انہوں نے آج تک غربت کے خاتمے کیلئے کیا کیا ہے؟۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

مفتی کفایت اللہ: آج مہنگائی کا بھوت، جناب سپیکر، آج مہنگائی کا بھوت ہمارے غریب عوام کو پیس رہا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: صحیح بات ہے۔

مفتی کفایت اللہ: چکی میں پس رہا ہے اور اس چکی کو روکنے کیلئے کوئی آدمی ہاتھ نہیں بڑھا رہا۔ ہم تو اپوزیشن میں ہیں، آسانی سے کہہ سکتے ہیں اور ہمارے پاس گورنمنٹ نہیں ہے لیکن ایوان میں بیٹھا ہوا ہر شخص اسکا ذمہ دار ہے، چاہے اسکا تعلق اپوزیشن سے ہو یا چاہے اسکا تعلق اقتدار سے ہو، اقتدار اور اختلاف یہ عوام نہیں دیکھتے، عوام یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ مجھے پینے کیلئے صاف پانی چاہیئے، مجھے کھانے کیلئے سستا آٹا چاہیئے، میری بنیادی ضرورتوں کو مہیا کیا جائے، میں غرض کرتا ہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ شکریہ مفتی صاحب، لسٹ بہت طویل ہے، سب اسی سبجیکٹ پر بولنا چاہتے ہیں تو مختصر کریں جی۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، آپ چاہتے ہیں کہ میں اسکو نرم کر دوں؟

جناب سپیکر: نہیں نہیں، آپ جتنا سخت بول سکتے ہے بولیں، یہ آپ کا ہاؤس ہے جتنا بول سکتے ہیں لیکن ابھی نہیں، بس آپ کا ٹائم ختم ہوا۔ جی، قلندر خان لودھی صاحب۔ میری طرف سے کوئی قدغن نہیں ہے، جتنا سخت بول سکتے، نہیں بس اوروں کو ٹائم دے دیں نا، آپ دیکھیں مفتی جانان صاحب بیٹھے ہیں، حاجی قلندر خان لودھی صاحب ہیں، سب اپوزیشن کے ممبران بولنا چاہتے ہیں۔ جی، حاجی قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ جناب سپیکر، کہ آپ نے مجھے ایک اہم مسئلے پر کچھ کہنے کیلئے اجازت دی۔ جناب سپیکر، میرے بھائیوں نے باتیں کیں اور ہم ملک قاسم کے مشکور ہیں کہ وہ اتنی Important تحریک التواء لائے اور ساتھ ہی گورنمنٹ کے کہ انہوں نے اسے منظور بھی کیا، جناب سپیکر، مولانا صاحب نے میرے ساتھ بڑی تفصیلاً بات کی ہے، میں یہ کہونگا کہ یہ جو مہنگائی ہے، یہ تو ایک ایسا مرض ہے جو روز بروز بڑھتا جارہا ہے اور یہ ایسا مرض ہے جو کہ لاعلاج ہو چکا ہے اور ہمارے ملک میں مہنگائی تو ایک مسلمہ حقیقت بن گئی ہے۔ جناب سپیکر، ایک عام آدمی کی زندگی مشکل نہیں ہے، مشکلات میں نہیں ہے بلکہ اجیرن ہو گئی ہے، اس کیلئے زندگی گزارنا مشکل ہو گیا ہے اور نوبت یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ ایک عام آدمی اپنے انسانی اعضاء فروخت کر رہا ہے اور وہ اپنے لخت جگر جو کہ اسکے جسم کا حصہ ہے، جو اسے سب چیزوں سے عزیز ہے، اسکی فروخت، اسکی بولی لگا رہا ہے اور جناب سپیکر، یہ جو مہنگائی ہے، یہ ہمارے اس صوبے کا، یہ ہمارے ملک کا مسئلہ نہیں ہے، یہ مہنگائی پوری دنیا کا مسئلہ ہے لیکن جناب سپیکر، ہمارے ملک میں بدقسمتی ہے، میں یہ سمجھتا بھی ہوں اور میں اخباروں میں پڑھتا بھی ہوں اور میڈیا والے آج کل ہر چیز سے عوام کو باخبر کر دیتے ہیں، ہم بھی اس سے باخبر ہیں کہ مہنگائی ہے اور اس میں کرپشن بھی ہے لیکن ہماری بدقسمتی ہے کہ ہماری کرپشن کی وجہ سے مہنگائی ہے، دوسرے ملکوں میں بھی کرپشن ہے لیکن اسکی جو کرپشن ہے، وہ اس ملک میں رہتی ہے، ہمارے جو صاحب اقتدار ہیں یا جو ذمہ دار ہیں تو انہوں نے اس ملک کو لوٹا ہے یا کرپشن کی ہے تو انہوں نے اپنے پیسے کو باہر شفٹ کر دیا ہے، پیسہ ملک میں نہیں رہا، یہ کرپشن بھی ایک بری چیز ہے، میں اسکی حمایت نہیں کرتا لیکن اگر یہ ملک میں رہے تو پیسے کا Circulation رہتا ہے، ہمارا Circulation ختم ہو گیا اور ہم تو تباہی کے دھانے پر پہنچ رہے ہیں اور ہمارا روزانہ اس پر رونا ہے، ٹھیک ہے جو Investors ہیں وہ اپنی مرضی کرتے ہیں اور جو پیداوار پیدا کرتے ہیں جو چیز پیدا کرتے ہیں، وہ اپنی مرضی سے کرتے ہیں لیکن گورنمنٹ، سٹیٹ بھی کسی چیز کا نام ہے، وہ اس میں Competition پیدا کرے، گورنمنٹ کی ڈیوٹی ہوتی ہے کہ وہ یوٹیلٹی سٹورز قائم کرے، اسکے بعد سستے بازار لگائے اور اسمیں وہ اپنی طرف سے، گورنمنٹ کی طرف سے چاہیئے کہ وہ سبسڈی دے، Competition پیدا کرے تاکہ لوگ اپنے اوقات میں آجائیں تو اتنی مہنگائی نہ کریں گے۔ ہماری تو جو مرضی ہے کہ ٹماٹر والا جو ٹماٹر لاتا ہے، وہ آج ایک سو پچیس روپے پر بیچ رہا ہے اور جو پیاز والا ہے وہ ستر اور بہتر روپے پر بیچ رہا ہے، چینی جس کی مرضی ہے جیسے وہ بیچ رہا ہے۔ چونکہ ہمارے پاس گورنمنٹ کی طرف سے کوئی بازار نہیں ہے، گورنمنٹ

